© rasailojaraid.com


کے مطابق اسلامی لٹریچر تیار کرنا شروع کیا ہے۔ متعدد چیزیں شائع ہو چکی ہیں، بعض کا تعارف ہم کرا چکے ہیں، بعض کا آئندہ کرائیں گے۔ یہ لٹریچر مغرب کے غیر مسلم بچوں اور کسی حد تک بالغوں میں بھی مفیدِ مقصد ہو سکتا ہے، نیز پاکستان اور دوسرے اسلامی ممالک میں انگریزی زبان کے نصابیات میں، خصوصاً انگریزی زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانے والے کانونٹ سکولوں میں اسے رائج کیا جانا چاہیے۔ یوں بھی گھریلو سطح پر بچوں کے مطالعہ کے لیے ایسی کتابوں اور رسائل کا بہم کرنا ضروری ہے۔

---

**تاریخ میلاد** از مولانا حافظ حکیم عبدالشکور صاحب مرزا پوری۔ ناشر: عمران اکیڈیمی، مسلم آباد، شالامار ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: پونے دوسو۔ قیمت: ۲۰/- روپے

میلاد اور اس سے متعلق جو طور طریقے رائج ہیں ان کے متعلق بڑی قیمتی تحقیق اس کتاب میں ملے گی۔ میلاد کی مجالس کا آغاز کب ہوا؟ سلام و قیام کا سلسلہ کب چلا، دوسری مختلف مضحکہ خیز رسوم کب، کہاں اس میں داخل ہوئیں؟ وغیرہ امور پر نہ صرف تاریخ بیان ہوئی ہے بلکہ ہر بات کے لیے دلائل اور حوالہ جات شامل ہیں، اس کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ سچی خدا پرستی اور پیروی سنت اگر مطلوب ہو تو بہت سی مروجہ مذہبی تقاریب و رسوم کو کس طرح کسوٹی پر رکھنا چاہیے۔ ہمارے اں تمام خرابیاں اس ایک کوتاہی سے آتی ہیں کہ زندگی کے مختلف معاملات و امور میں کتاب و سنت کی سند پر انحصار نہیں کیا جاتا بلکہ ہم نے اپنی مذہبیت کے لیے کچھ اور ماخذ بھی بنا لیے ہیں۔

اس کتاب کو متلاشیانِ حق ضرور پڑھیں اور اس سے یہ رہنمائی بھی ضرور اخذ کریں کہ رسوم روایات کے جنگل میں جادۂ حق کو کس طرح تلاش کیا جا سکتا ہے۔

---

**آداب الدعا** از مولانا محمد حنیف یزدانی صاحب۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ، جامع مسجد قبا، جناب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۱۸/- روپے

دعا خدا کی عبادت کا مغز اور جوہر ہے۔ قرآن کا افتتاح بھی دعا سے ہوتا ہے اور اختتام

© rasailojaraid.com